© rasailojaraid.com



ادبیات

# لبِ پر درُود

حضرت سید نفیس شاہ الحسینی

لَب پر درُود ۔ دِل میں خیالِ رسُولؐ ہے
اب مَیں ہُوں اور کیفِ وصالِ رسُولؐ ہے

دائم بہارِ گُلشنِ آلِ رسُولؐ ہے
سینچا گیا لہُو سے نہالِ رسُولؐ ہے

حُسنِ حَسنؓ کو دیکھ، حُسینؓ حسیں کو دیکھ
دونوں میں جلوہ ریز جمالِ رسُولؐ ہے

بُوبکرؓ ہوں، عمرؓ ہوں، وہ عثمانؓ ہوں یا علیؓ
چاروں سے آشکار کمالِ رسُولؐ ہے

اِسلام نے غُلام کو بخشی ہیں عظمتیں
سَردارِ مؤمنین، بلالؓ رسُولؐ ہے

ہاں نقشِ پائے خَتمِ رُسُل میرا تخت ہے
اور سَر کا تاج خاکِ نعالِ رسُولؐ ہے

جامِ جَم اُس کے سامنے کیا چیز ہے نفیسؔ
جس کو نصیب جامِ سفالِ رسُولؐ ہے

(شوال المکرم ۱۴۱۷ھ/ ۱۹۹۷ء)

## اہم اعلان

اربابِ مدارس اپنی مختلف شکایات کے حوالے سے درج ذیل ذمہ داران سے رابطہ کر سکتے ہیں:

☆......شعبۂ کتب کے نتائج واسناد کے لیے: مولانا عبدالمجید صاحب، ناظم مرکزی دفتر وفاق المدارس، ملتان۔ موبائل: 0300-7302469

☆......شعبۂ حفظ کے نتائج واسناد کے لیے: مولانا عابد خان رانا صاحب، انچارج شعبۂ حفظ۔ موبائل: 0300-6337698

☆......اسناد کی تبدیلی کے لیے: مولانا سلیم صاحب، انچارج شعبۂ ریکارڈ۔ موبائل: 0300-6357584

☆......مالیات سے متعلق امور کی تفصیلات کے لیے: جناب چودھری محمد ریاض عابد صاحب، محاسبِ وفاق۔ موبائل: 0300-7360539

© rasailojaraid.com